**ورلڈ اکنامک فورم نے کراچی کو جدید شہر بنانے اور بے مثال کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال کو 2010ء کیلئے'' ینگ گلوبل لیڈرز '' میں شامل کرلیا**

**ورلڈ اکنامک فورم نے 2010ء کیلئے دنیا کے 72 ممالک سے 197 ینگ گلوبل لیڈرز کا انتخاب کیا**

**مصطفےٰ کمال پاکستان کے پہلے میئر ہیں جنہیں شاندار عوامی خدمات کے اعتراف میں ینگ گلوبل لیڈر منتخب کیا گیا ہے**

**ورلڈ اکنامک فورم کی سلیکشن کمیٹی میں دنیا بھر کی ممتاز شخصیات شامل ہیں، سلیکشن کمیٹی کی سربراہ اردن کی ملکہ رانیہ ال عبداللہ ہیں**

**ینگ گلوبل لیڈرز کی کانفرنس اس سال مئی میں تنزانیہ میں منعقد ہوگی جس میں مصطفےٰ کمال پاکستان کی نمائندگی کریں گے**

کراچی --- 4 مارچ 2010ء

بین الاقوامی ادارے ورلڈ اکنامک فورم ( World Economic Forum ) نے بڑے پیمانے پر ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے کراچی کو جدید شہر بنانے اور میئر کراچی کی حیثیت سے بے مثال کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال کو 2010ء کیلئے '' ینگ گلوبل لیڈرز '' میں شامل کرلیا ہے۔ ورلڈ اکنامک فورم دنیا کو ترقی اور بہتر مستقبل کی جانب گامزن کرنے کیلئے مختلف شعبوں میں پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کی شاندار تکمیل اور معاشی وسماجی شعبوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی شخصیات کی مثالی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ہر سال پوری دنیا سے 200 ممتاز شخصیات کا انتخاب کرتی ہے اور ورلڈ اکنامک فورم کی جانب سے ان شخصیات کو'' ینگ گلوبل لیڈرز '' قرار دیا جاتا ہے اور یہ ینگ گلوبل لیڈرز بین الاقوامی سطح پر آئندہ نسل کے مستقبل کی آواز اور امید کے طور پر نمائندگی کرتے ہیں۔ ورلڈ اکنامک فورم نے 2010ء کیلئے دنیا کے 72 ممالک سے 197 ینگ گلوبل لیڈرز کا انتخاب کیا ہے جن میں سابق سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال پاکستان کی تاریخ کے پہلے میئر ہیں جنہیں اپنے شہر کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور شاندار عوامی خدمات کے اعتراف میں ینگ گلوبل لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ ینگ گلوبل لیڈرز کا انتخاب کرنے کیلئے قائم سلیکشن کمیٹی میں دنیا بھر کی ممتاز شخصیات شامل ہیں اور اس سلیکشن کمیٹی کی سربراہ اردن کی ملکہ رانیہ ال عبداللہ ہیں۔ ورلڈ اکنامک فورم کے تحت منتخب ہونے والے ینگ گلوبل لیڈرز کی کانفرنس اس سال مئی میں تنزانیہ میں منعقد ہوگی جس میں سابق سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔

**ورلڈ اکنامک فورم کی جانب سے سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال کو 2010ء کیلئے ینگ گلوبل لیڈرز میں شامل کرنے پر الطاف حسین کی زبردست مبارکباد**

**ینگ گلوبل لیڈرز میں شامل کیا جانا صرف مصطفےٰ کمال یا کراچی ہی کیلئے نہیں بلکہ پاکستان کیلئے ایک بڑا اعزاز ہے**

**مجھے خوشی ہے کہ میرے ایک نوجوان کارکن نے بین الاقوامی برادری میں پاکستان اور پاکستانیوں کا سر فخر سے بلند کردیا**

**ایک مرتبہ پھر ثابت ہوگیا ہے کہ مڈل کلاس نوجوان قیادت ہی ملک کو ترقی وخوشحالی اور بہتر مستقبل کی جانب گامزن کرسکتی ہے**

**تمام حق پرست نمائندوں، تمام کارکنوں، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور قوم کے ایک ایک فرد کو الطاف حسین کی زبردست مبارکباد**

لندن --- 4 مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بین الاقوامی ادارے ورلڈ اکنامک فورم کی جانب سے کراچی کو بڑے پیمانے پر ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے جدید شہر بنانے اور بے مثال کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال کو 2010ء کیلئے '' ینگ گلوبل لیڈرز'' میں شامل کرنے پر مصطفےٰ کمال کو دل کی گہرائیوں سے زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مصطفےٰ کمال کو ینگ گلوبل لیڈرز میں شامل کیا جانا صرف مصطفےٰ کمال یا کراچی ہی کیلئے نہیں بلکہ پاکستان کیلئے ایک بڑا اعزاز ہے اور مجھے خوشی ہے کہ میرے ایک نوجوان کارکن نے اپنی مثالی خدمات کے ذریعے دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا ہے اور بین الاقوامی برادری میں پاکستان اور پاکستانیوں کا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والی ایم کیوایم کی نوجوان قیادت نے زبانی دعووں اور نعروں کے بجائے عوام کی ایسی شاندار اور مثالی خدمت کی ہے کہ آج پوری دنیا اس کا اعتراف کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصطفےٰ کمال کو ینگ گلوبل لیڈرز میں شامل کئے جانے سے ایک مرتبہ پھر ثابت ہوگیا ہے کہ مڈل کلاس نوجوان قیادت ہی ملک کو ترقی وخوشحالی اور بہتر مستقبل کی جانب گامزن کرسکتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ورلڈ اکنامک فورم کی

جانب سے ینگ گلوبل لیڈرز میں شامل کئے جانے پر سابق سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال کو خاص طور پر اور تمام حق پرست نمائندوں،تحریک کے کارکنوں اور ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں اور پوری قوم کے ایک ایک فرد کو زبردست مبارکباد پیش کی ہے اوران کی مزید کامیابیوں کیلئے دعا کی ہے۔

## نیب عدالت سے بدعنوانی کے ایک ریفرنس میں رحمان ملک کی بریت پر الطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔4،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک کو کراچی کی مقامی احتساب عدالت سے بدعنوانی کے ایک ریفرنس میں بری کئے جانے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بدعنوانی کے ریفرنس میں وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک کی بریت کا فیصلہ خوش آئند ہے اوراس فیصلہ پر رحمان ملک مبارکباد کے مستحق ہیں۔

## سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال،سابق سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل،سابق ڈسٹرکٹ ناظم حیدرآباد کنورنوید اورسابق ٹاؤن ناظم گلشن اقبال ٹاؤن واسع جلیل کو متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی میں شامل کرلیا گیا

## چاروں رہنماؤں کی رابطہ کمیٹی میں شمولیت کا فیصلہ رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کے مشترکہ اجلاس میں متفقہ طور پر کیا گیا

## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے اس فیصلے کی توثیق کردی

## چاروں رہنماؤں کی شمولیت کے بعد ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کی تعداد 34 ہوگئی

کراچی۔۔۔۔ 4 مارچ2010ء

سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال،سابق سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل،حیدرآباد کے سابق ڈسٹرکٹ ناظم کنورنوید اورگلشن اقبال ٹاؤن کے سابق ٹاؤن ناظم واسع جلیل کو متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی میں شامل کرلیا گیا ہے۔اس بات کا فیصلہ رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کے ارکان کے مشترکہ اجلاس میں متفقہ طور پر کیا گیا۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے اس فیصلے کی توثیق کردی ہے۔چاروں رہنماؤں کی شمولیت کے بعد ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کی تعداد 34 ہوگئی ہے جس میں سے 24 ارکان پاکستان جبکہ 10 ارکان لندن میں ہیں۔

## برطانیہ کے شہر سلاؤ میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم

## متعدد بزرگوں،نوجوانوں اورخواتین نے ایم کیوایم میں رکنیت سازی کے فارم پر کئے

## ایم کیوایم،الطاف حسین کی قیادت میں ملک کو درپیش بحرانوں سے نجات دلانے کی عملی جدوجہد کررہی ہے،قاسم علی رضا

## پاکستان ہماری پہچان ہے اورملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کرنا ہر پاکستانی کا بنیادی فرض ہے

## ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے،سلیم دانش

## برطانیہ کے شہر سلاؤ میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کی تقریب سے خطاب

سلاؤ۔۔۔4،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کے تحت برطانیہ کے مختلف شہروں میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے اوراس سلسلہ میں برطانیہ کے شہر سلاؤ میں ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں لندن،ریڈنگ اورسلاؤ میں مقیم مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر متعدد بزرگوں،نوجوانوں اورخواتین نے ایم کیوایم میں رکنیت سازی کے فارم پر کئے اورایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے کہا کہ ایم کیوایم،قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک کو درپیش بحرانوں سے نجات دلانے کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور پاکستان کی بقاءوسلامتی اورترقی وخوشحالی کیلئے ملک

سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ہماری پہچان ہے اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کرنا ہر پاکستانی کا بنیادی فرض ہے۔اگر بیرون ممالک میں مقیم پاکستانیوں نے اپنی ذمہ داریوں کو محسوس نہ کیا اور ملک میں جمہوریت کے استحکام کیلئے میدان عمل میں آکر جدوجہد نہیں کی تو آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی۔قاسم علی رضا نے کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ 63 برسوں سے پاکستان کے اقتدار پر جاگیرداروں، وڈیروں اور مراعات یافتہ مخصوص خاندانوں کی اجارہ داری قائم ہے جو غریب عوام کو درپیش مسائل سے واقف نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا ہونے والے غریب عوام کے مسائل کے حل میں کبھی مخلص نہیں ہو سکتے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو اپنے مسائل کے حل کیلئے خود میدان عمل میں آکر اپنی صفوں سے ایماندار، تعلیم یافتہ اور باصلاحیت قیادت متعارف کرانا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ کوئی ایم کیوایم کو پسند کرے یا نہ کرے لیکن اس سچائی سے انکار نہیں کرسکتا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو منتخب کرکے ایوانوں میں بھیجا اور ملک سے موروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے عملی مثال قائم کی ہے۔تقریب سے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر سلیم دانش نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوکر اپنے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کریں۔تقریب سے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان سہیل خانزادہ، عبدالحلیم، سلاؤیونٹ کے انچارج یوسف قریشی اور کمیٹی کے رکن فاروق مرتضٰی نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆